**25/01/2026**

**07.40 PM**

## ہیڈ لائینز

***........ وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام میں کئی موضوعات پراظہارخیال// سٹارٹ اپس سے جڑے نوجوانوں کو مصنوعات کے معیار پر توجہ دینے کی تاکید.**

***........وزیر اعظم نے سماجی بدعات کے خاتمے میں عام لوگوں کے رول کو کیا اجا گر// اننت ناگ ضلع کے ایک شہری میر جعفر کا کیا تذکرہ.**

***........نیشنل ووٹرس ڈے کے سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی تقریبا ت کا انعقاد .**

***........قوم کل منا رہی ہے 77واں یوم جمہوریہ// صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کریں گی آج شام سات بجے قوم سے خطاب.**

## من کی بات

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے صنعت اور سٹارٹ اپس سے جڑے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ مصنوعات کے معیار کو بڑھانے پر توجہ دیں . اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام" من کی بات" میں مختلف موضوعات پراظہارخیال کرتے ہوئے انہوننے ملک کے اولین آئین سازوں کو شاندار خراج ادا کرتے ہوئے لوگوں کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد دی .**

**وزیر اعظم نے آج منائے جانے والے نیشنل ووٹرس ڈے کا ذکر کر تے ہوئے18برس کی عمر کو پہنچنے والے سبھی نوجوانوں کو ووٹر فہرستوں میں اپنے ناموں کا اندراج کرانے کےلئے کہا.**

**وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کو منشیات کے کاروبار اور استعمال سے پاک بنانے کیلئے جہاں سرکاری سطح پر اقدامات کئے جا رہے ہیں وہیں اس مہم میں اب عام لوگ بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں.**

**اس سلسلے میں وزیر اعظم نے جموں کشمیر کے اننت ناگ ضلع کے شیخ گنڈ علاقے کے ایک شہری میر جعفر کا ذکر کیا جن کی کاوشوں کی بدولت اس علاقے کو تمباکو کے استعمال سے پاک بنانے میں کافی مدد ملی ہے .**

**من کی بات پروگرام میں اُن کا تذکرہ کیاجانے پرمیر جعفر نے کافی خوشی ظاہر کی ہے .آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے میر جعفر نے اپنے جذبات کا کچھ اس طرح اظہا رکیا .**

## BJP

**جموں کشمیر کے اہتمام سے آج جموں کشمیر BJP من کی بات پروگرام سُننے کے سلسلے میں کے مختلف علاقونمیں نشستیں منعقد ہوئیں. اکھنور جموں میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران**

پارٹی کے پردیش صدر ست شرما ،ممبر اسمبلی موہن لال بھگت اور دیگر لیڈروں نے وزیر اعظم کا ریڈیو پروگرام سُنا۔

جموں ایسٹ MLA جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد سنیل شرما اور یُدھویر سیٹھی نے پہاڑیاں محلہ جموں میں منعقدہ اسی طرح کی ایک تقریب میں شرکت کرکے من کی بات پروگرام سُنا۔

آر ایس پورہ کے منڈل گڑھی گڑھ میں بھی ایک نشست منعقد ہوئی جس دوران پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور دیگر کئی لیڈروں نے یہ پروگرام سُنا۔

## ووٹرس ڈے

آج ملک بھر میں نیشنل ووٹرس ڈے منایا جارہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع" میرا بھارت میرا ووٹ ہے"۔ ملک بھر میں آج لاکھوں نئے رجسٹر شدہ نوجوانوں میں چناؤ شناختی کارڈ تقسیم کئے جا رہے ہیں۔

جمونو کشمیر میں بھی اس دن کے موقعے پر آج مختلف تقاریب کا اہتمام ہوا جس دوران عام لوگوں کو حق رائے دہی کے استعمال اور جمہوری عمل میں شرکت کی ترغیب دی گئی۔

سرینگر میں ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ تقریب کے اختتام پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

## آکاشوانی ایوارڈ

ووٹرس ڈے کے سلسلے میں قومی سطح سب سے بڑی تقریب صدر جمہوریہ درو پدی مرمو کی صدارت میں نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر صدر جمہوریہ نے سال2025کیلئے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے سے متعلق اثر دار مہم کیلئے الیکٹرنک میڈیا کے زمرے میں آکاشوانی کے نیوز سروسز ڈویژن کو میڈیا ایوارڈ سے نوازا ۔

یہ ایوارڈ آکاشوانی کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے صدر جمہوریہ سے حاصل کیا۔

## ایل جی ووٹر ڈے

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل ووٹرس ڈے کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ووٹرس ڈے کے سلسلے میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ افسروں سے تاکید کی ہے کہ وہ آئینی اقدار کوتقویت بخشنے اور لوگوں میں حق رائے دہی کے استعمال کی اہمیت سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے کام کریں ۔

ایل جی نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں۔

**<u>جاوید ڈار</u>**

**دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے نیشنل ووٹرس ڈے کے موقعے پر جموں کشمیر کے لوگونکو مبارکباد دی ہے۔**

**فاروق عبداللہ**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے لوگوں کو نیشنل ووٹرس ڈے کی مبارکباد دیتے ہوئے کہاہے کہ جمہوری نظام میں ووٹ کی پرچی ایک عام شہری کا سب سے بڑا ہتھیار ہوتا ہے ۔**

**ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ جمہوری نظام کا کوئی بھی متبادل نہیں ہو سکتا۔**

**<u>وزیر اعلیٰ</u>**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شہرہ**

---

**ٔ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ کا دورہ کرکے وہاں سڑکوں سے برف ہٹانے اور سیاحو ں و عام لوگوں کو فراہم کی جا رہی سہولیات کا جائزہ لیا۔**

**انہوننے کہاکہ برف باری سے جہاں سیاحتی منظر نامے کو فروغ ملا ہے وہیں دو سال کے وقفے کے بعد کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا انعقاد ہوگا۔**

**وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حالیہ برف باری کے بعد وادی میں متاثر ہوئی بجلی سپلائی کافی حد تک بحال کی گئی ہے ۔**

**<u>نائب وزیر اعلیٰ</u>**

**سرینگر میں انٹیگریٹیڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول HMT نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج سینٹر کا دورہ کرکے مختلف علاقوں میں سڑکوں سے برف ہٹانے کے عمل کا جائزہ لیا۔انہوں نے بند ہوئی تمام سڑکوں کو جلدا ز جلد بحال کرنے کی ہدایت دی۔**

**نائب وزیر اعلیٰ نے میکنیکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے صدر دفتر کا بھی دورہ کیا۔**

**<u>بریک</u>**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن**

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

**<u>یوم جمہوریہ</u>**

**کل ملک بھر میں77واں یوم جمہوریہ جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایاجا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ قومی سطح کی سب سے بڑی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ منعقد ہو گی ، جہاں صدر جمہوریہ درو پدی مرمو قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گی۔اس تقریب کے دوران ملک کی گونا گوں ثقافت اور فوجی قوت کا مظاہر ہ کیا جائے گا۔جموں کشمیر میں بھی یوم جمہوریہ کی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ یو ٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم مینمنعقد ہوگی جبکہ بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں صوبائی سطح کی سب سے بڑی تقریب ہو رہی ہے ۔ ان تقریبات پر مہمانان خصوصی ترنگا لہرا کرمارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں یوم جمہوریہ کی تقریبات منعقد کرانے کیلئے انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔بخشی اسٹیڈیم میں انتظامات کے حوالے سے صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہا۔ Div Com..............**

**<u>خطاب</u>**

**صدر جمہوریہ درو پدی مرمو اب سے کچھ دیر بعد یعنی شام 7بجے یوم جمہوریہ کے سلسلے میں قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کا خطاب آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک سے پہلے ہندی اور پھر انگریزی میں نشر کیا جائے گا۔**

**آکاشوانی سرینگر سے صدر جمہوریہ کے خطاب کا کشمیری ترجمہ رات ساڑھے9بجے نشر کیا جائے گا۔**

**<u>ایوارڈ عطا</u>**

**یوم جمہوریہ کے موقعے پر پولیس، فائر اینڈایمر جنسی سروس ، ہوم گارڈوسول ڈیفنس اور Correctional Services کے کل 982اہلکاروں کو پریذڈنٹس میڈل عطا کئے گئے۔ ان میں سے 125اہلکاروں کو یہ میڈل بہادری کیلئے عطا کئے گئے جبکہ 101اہلکاروں کو غیر معمولی خدمات اور 756کو شاندرا کار کردگی دکھانے کیلئے عطا کئے گئے۔**

**<u>میڈل مبارکباد</u>**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بہادری کیلئے پریذڈنٹس میڈل حاصل کرنے والے جموں کشمیر پولیس کے افسروں اور اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے ۔**

**زبیر سلیم**

بزرگوں کوتنہائی کا سامنا کرنا پڑے تو ان کامعیار زندگی متاثرہو جاتا ہے ۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**سیاحت**

آج سیاحت کا قومی دن بھی منایاجا رہا ہے ۔ اس دن کا مقصد ملک کے سیاحتی وسائل اور اقتصادی وسماجی شعبے میں اس سیکٹر کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے اس دن کے موقعے پر جمونو کشمیر کی بے مثال قدرتی خوبصورتی، مالامال ثقافتی و تمدنی وراثت اور لوگوں کی مہمان نوازی کو اُجاگر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے سیاحتی سیکٹر کو ترقی دینے میں اپنی سرکار کا عزم بھی دہرایا ہے۔

**برجیش شرما**

رورل جموں برجیش شرما نے روز نامہ امر اُجالا کے اہتمام سے دومانہ جموں کے ایک SP اسکول میں منعقدہ "پولیس کی پاٹ شالہ "تقریب میں شرکت کی ۔اپنے خیالات کاا ظہار کرتے ہوئے انہوننے اسکولی بچونکو نئے فوجداری قوانین سے متعلق بنیادی جانکاری دینے پر زور دیا۔ پروگرام کے آخر میں اسکولی بچوننے تمدنی پروگرام پیش کئے ۔

**جموں پویس**

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے ادھمپور میں سیف علی ، جانی ابرال اور بھوپیش پگےترا نامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

پونچھ میں پولیس نے سوشل میڈیا پر قابل اعترا ض مواد اپ لوڈ کرنے کی پاداش میں اُونکار سنگھ نامی ایک شخص کی گرفتاری عمل میں لائی ہے ۔

ڈوڈہ مینیکجہتی کو فروغ دینے کیلئے پولیس کے اہتمام سے ایک ترنگا بائیک ریلی نکالی گئی۔

آر ایس پورہ مینپولیس نے سندیپ کمار نامی ایک مجرم کو گرفتار کیا ہے۔

**پولیس**

پولیس نے سوپور مینٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی پاداش مینکئی گاڑیونکی رجسٹریشن12ماہ تک کیلئے معطل کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس نے عدالت سے با ضابطہ اجازت حاصل کی ۔

یہ کارروائی کم عمربچوں کے ذریعے چلائی جانے والی گاڑیوں کے خلاف عمل میں لائی گئی ۔

اس دوران پولیس نے بڈگام کے خانصاحب علاقے سے دو خواتین مریضوں کواسپتال پہنچایا۔ان خواتین کو خانصاحب کے ایک ایسے علاقے سے اسپتال پہنچایا گیا جس کا سڑک رابطہ برف باری کی وجہ سے منقطع ہو گیا تھا۔

**وبودھ گپتا**

جموں کشمیر کے سینئر لیڈر وبودھ گپتا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت BJP مینملک تیز تر ترقی کی راہ پر گامزن ہے ۔ وہ آج دسل راجوری میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے ۔

**کانگریس**

نریگا کا نام تبدیل کرنے پر مرکزی سرکار کی نکتہ چینی کی ہے ۔ارنیا MG کانگریس کمیٹی نے پنچایت حلقے مینایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے کار گذار پردیش صدر رمن بھلہ نے کہا کہ ایم جی نریگامحض ایک فلاحی اسکیم نہیں ہے بلکہ دیہی آبادی کے ایک بڑے حصے کو سماجی تحفظ بھی فراہم کرتی ہے۔

**شاہین**

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ حالیہ برف باری کے بعد جو سڑکیں بند ہو گئی ہیں ، اُن سے برف ہٹانے میں سرکار نا کام ہو گئی ہے

انہوں نے کہا ہے کہ لوگوں کے مطالبات کو پس پشت ڈالا جا رہا ہے۔

**پروگرام اطلاع**

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ کل اور پرسوں یعنی سوموار اور منگلور کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 2452019-0194 پر ہو رہی ہے ۔

خواہشمند افراد دئے گئے نمبر پر کال کر کے اپنے مسائل یا شکایات ریکارڈ کر وا سکتے ہیں ۔ کے ذریعہ بھیجی جا Voice Message شکایات ہمارے ای میل ایڈریس پر بھی تحریری طور یا سکتی ہےں ۔ ای میل ایڈریس ہے۔

radiokashmir@gmail.com

## عرس

بلند پایہ ولی حضرت سید منصور صاحب ؒکا سالانہ عرس آج عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا ۔ اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع زالڈگر سرینگر میں ختمات المعظمات اور درود و اذکار کی مجالس منعقد ہوئیں ، جن میں عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔

## مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈٹس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

## Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

## شاہراہ

دو روز تک بند رہنے کے بعد سرینگر۔جموں قومی شاہراہ کو آج صبح گیارہ بجے ٹریفک کی آمد رفت کیلئے کھول دیا گیا ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ شاہراہ کی بحالی کے بعد ادھمپور ، رام بن ، بانہال اور قاضی گنڈ میں درماندہ گاڑیوں کواپنی اپنی منزلوں کی جانب جانے کی اجازت دی گئی۔

ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ شاہراہ کے SSP حساس مقامات پر مسافروں کی راحت رسانی کیلے ٹریفک پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔انہوں نے کہاکہ سڑک پر کل یعنی سوموار کو ٹریفک کی آوا جائی کے بارے میں آج شام فیصلہ لیا جائے گا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران ہلکی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت5اعشاریہ 3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**……………………………….**

**……………….**

**……….**